پرچہ II

مارکس: 60

اردو (لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

(انشائی)

وقت: 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

(10)

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے:

### (حصہ نظم)

i - زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے ...... بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

ii - مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ ...... یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

iii - رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ...... ذرّہ ذرّہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

iv - سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام ...... اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

### (حصہ غزل)

i - ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ...... ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii - ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ...... اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

iii - بھول جاتا ہُوں مَیں ستم اُس کے ...... وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے

## حصہ دوم

(10 = 5 + 5)

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:-

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کُشا کے، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ وا ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے کِھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دُھن باندھ لے، وہ ہو ہی جاتا ہے۔ آخر سارے جوڑے سِل بھی گئے اور ٹِک بھی گئے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دورویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب منڈوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii - نام دیو مالی نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

iii - تحریکِ خلافت کیوں شروع ہوئی؟

iv - حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں سے دو نمایاں چیزیں تحریر کیجئے۔

v - منشی ہرگوپال تفتہ نے غالب کو خط کہاں سے لکھا؟

vi - انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vii - نظم "اونٹ کی شادی" میں شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

viii - شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:- (5)

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) نام دیو مالی

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:- (15)

(الف) تعلیمِ نسواں (ب) تحریکِ پاکستان (ج) حُبِ وطن

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:- (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کیلئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کیلئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کو مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کیلئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

**سوالات:**

i - کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ii - بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

iii - خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

iv - طالب علم کیلئے کونسی کتابیں مفید ہیں؟

v - بُری کتابیں کیا کیا نقصان پہنچاتی ہیں؟